© rasailojaraid.com



ادارہ

# تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: فتاویٰ دارالعلوم کراچی (امداد السائلین) جلد اول افادات: حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب

ترتیب وتخریج: مولانا اعجاز احمد حمدانی صاحب، مولانا طاہر اقبال صاحب کل قیمت: ۶۰۰ روپے۔ رعایتی قیمت: ۳۰۰

صفحات: 544 ناشر: ادارہ دارالمعارف کراچی

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ آپ اسم بامسمّٰی ہیں اور کیوں نہ ہو، آپ کا نام حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے رکھا تھا۔ آپ نے علمی، روحانی خاندان میں آنکھیں کھولی ہیں اور عثمانی خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ فقہ وافتاء تو آپ کا خاندانی منصب ہے۔ قانون کی بالادستی واصول کی پاسداری آپ کی طبیعت ثانیہ ہے۔ معتدل اور حقائق شناس مزاج کی بدولت آپ ہر نازک موڑ پر زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نہایت دوراندیشی اور حکمت ودانش پر مبنی موقف اختیار کرتے ہیں۔ طلب علم وذوق مطالعہ کی صفت میں درجہ کمال رکھنے والا، جوہر خطابت کی بیش بہا صفت سے متصف نمونہ اسلاف ہیں۔ ان کی علمی تدریسی تصنیفی اور اندرون وبیرون ملک خدمات تقریباً نصف صدی کے عرصہ پر محیط ہیں، آپ درس وتدریس وعظ وخطابت تصنیف وتالیف کے ساتھ فتویٰ نویسی کا اہتمام اور صحیح باقاعدگی سے کرتے ہیں۔ اب تک ہزاروں کی تعداد میں فتاویٰ آپ کے قلم فیض رقم سے نکل چکے ہیں۔ جس کی پہلی جلد مرتب اور شائع ہو کر منظر عام پر آچکی ہے۔ فتاویٰ کے ان مجموعہ کی بنیادی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اکثر فتاویٰ آپ کے والد ماجد مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع عثمانیؒ کے راہنمائی میں لکھ جاچکے ہیں اور ان پر تصدیق دستخط بھی سب سے زیادہ ان ہی کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرتبین حضرات وادارۃ المعارف کراچی کو مزید توفیق و ترقی عنایت فرمائیں کہ اس کی مزید جلدیں جلد از جلد شائع ہو کر منظر عام پر آجائیں تاکہ تشنگان علوم دینیہ وفقہ اس عظیم علمی وفقہی ذخیرہ سے فیض یاب ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام کوششوں کو قبولیت عامہ سے نوازیں۔ آمین

---

کتاب: المیسر فی علم علل الحدیث: (عربی) تالیف: سید عبدالماجد الغوری

صفحات: ۲۹۸ صفحات قیمت۔ ۳۰۰ روپے ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

علم علل الحدیث علوم حدیث کے ادق اور اغمض انواع میں سے ہے اور اس سے واقفیت صرف ان حضرات کو حاصل ہوتی ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ ذوق فہم ثاقب اور وسیع قوت حفظ سے نوازا ہو اور جن کو غرائب رواۃ کی

© rasailojaraid.com